SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XIX OF 1994

سندھ سول سرونٹس (ایڈہاک مقرریوں کی مستقلی) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH CIVIL SERVANTS (REGULARIZATION OF ADHOC APPOINTMENTS) ACT, 1994

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ کچھ سول سرونٹس کی ملازمت کی مستقلی
Regularization of services of certain civil servants

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XIX OF 1994

سندھ سول سرونٹس (ایڈہاک مقرریوں کی مستقلی) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH CIVIL SERVANTS (REGULARIZATION OF ADHOC APPOINTMENTS) ACT, 1994

[۲۸ جولائی ۱۹۹۴]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے ایڈہاک بنیاد پر مقرر کردہ کچھ سول سرونٹس کی ملازمت کو مستقل کیا جائے گا۔

جیسا کہ ایڈہاک بنیاد پر مقرر کردہ کچھ سول سرونٹس کی ملازمت کو عوامی مفاد میں مستقل کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگا؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ سول سرونٹس (ایڈہاک مقرریوں کی مستقلی) ایکٹ، ۱۹۹۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ (۱) اس ایکٹ میں، جب تک مفہوم کچھ دوسرا طلب نہ کرے تب تک:

(a) "ایکٹ" مطلب سندھ سول سرونٹس ایکٹ، ۱۹۷۳؛

(b) "کمیشن" مطلب سندھ پبلک سروس کمیشن؛

(c) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛ اور

(d) "عہدہ" مطلب حکومت کی طرف سے صوبے کے معاملات سے متعلقہ منظور شدہ عہدہ۔

کچھ سول سرونٹس کی ملازمت کی

مستقلی
Regularization of services of certain civil servants

(۲) "ایڈہاک مقرری" اور "سول سرونٹ کے اظہاروں" کو ترتیبوار وہ ہی معنی ہوگی جو ان کو اس ایکٹ میں دی گئی ہے۔

۳۔ (۱) اگر اس ایکٹ یا رولز کے تضاد میں نہیں، یا کسی فیصلے کے خلاف نہیں، یا کورٹ کی طرف سے دیئے گئے کسی آرڈر یا فتویٰ کے متضاد نہیں ہے، لیکن اس ایکٹ کی کن گنجائشوں کے مطابق کوئی سرکاری ملازم بیسک پے اسکیل ۱٦ کی جگہ پر ایڈہاک ملازمت کرتا ہے اور اس ایکٹ کے نافذ ہونے کے وقت ملازمت میں ہے، تو اس سلسلے میں کیئے گئے احکامات کے تحت، اس عہدی پر کارگر طریقے مقرر کردہ اور اس ایکٹ کی شروعات سے مستقل بنیاد پر مقرر سمجھے جائیں گے۔

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت آرڈر تب تک نہیں نکالے جائیں گے جب تک ایسے سول سرونٹس کے تفصیلات، ان کی تعلیمی قابلیت، تجربہ، عمر اور ڈومیسائیل کی جگہ کی جانچ پڑتال نہ کی جائے اور حکومت کی طرف سے مقرر کردہ خاص کمیٹی کی طرف سے کلیئر قرار نہ دیا جائے۔

(۳) ذیلی دفعہ (۲) کے تحت قائم کردہ خاص کمیٹی کی رہنمائی متعلقہ محکمہ کا سیکریٹری انچارج کرے گا اور دوسروں میں اس محکمہ اور سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن محکمہ میں سے ایک ایک میمبر شامل ہوں گے۔

۴۔ جہاں کمیشن، کسی شخص کے کیڈر یا ملازمت میں عہدے پر مقرری کی اس ایکٹ کی شروعات سے پہلے سفارش کی ہے، ایسے شخص کو ترجیح دی جائے گی۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔